# بچے کا نام حنین رکھنا

**مجیب:** مولانا محمد ابوبکر عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-2337

**تاریخ اجراء:** 23 جمادی الثانی 1445ھ / 06 جنوری 2024ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

بچے کا نام حنین رضا رکھ سکتے ہیں؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

حنین نام رکھنا جائز بلکہ بہتر ہے، اس لیے کہ یہ صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا نام ہے اور حدیث پاک میں اچھوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب دی گئی ہے۔ نیز اس کے ساتھ رضا ملانے میں بھی حرج نہیں۔

التاریخ الکبیر للبخاری میں ہے" حنين مولى العباس بن عبد المطلب الهاشمي، قال عبد الله بن يوسف عن حنين بن عبد الله بن حنين المدني - أخو إبراهيم بن عبد الله - عن ابنة أخيه عن خالها يقال له ابن الشاعر ان حنينا جده كان غلاما للنبي صلى الله عليه وسلم وكان حنين يخدم النبي صلى الله عليه وسلم ثم وهبه بعد لعمه العباس فأعتقه "ترجمہ: حنین، حضرت عباس بن عبد المطلب الہاشمی کے آزاد کردہ غلام ہیں، عبد اللہ بن یوسف نے فرمایا: حنین بن عبد اللہ بن حنین المدنی -جو کہ ابراھیم بن عبد اللہ کے بھائی ہیں- سے مروی ہے وہ اپنی بھتیجی سے اور وہ اپنے ماموں سے روایت کرتی ہیں جنہیں ابن شاعر کہا جاتا تھا کہ حضرت حنین، ان کے دادا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام تھے اور حنین نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کرتے تھے پھر بعد میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اپنے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو ہبہ کر دیا پھر انہوں نے انہیں آزاد کر دیا۔ (التاریخ الکبیر للبخاری، جلد 3، صفحہ 104-105، دائرۃ المعارف العثمانیہ، حیدر آباد دکن)

الاصابہ فی تمیز الصحابہ میں ہے" حنين۔۔۔ مولى العباس بن عبد المطلب۔ قال البخاريّ وأبو حاتم وابن حبّان: له صحبة "ترجمہ: حنین حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام ہیں۔ امام بخاری ،ابو حاتم اور ابن حبان رحمھم اللہ نے فرمایا کہ یہ صحابی ہیں۔ (الاصابۃ فی تمییز الصحابۃ، جلد 2، صفحہ 121، دار الکتب العلمیہ، بیروت)

الفردوس بماثور الخطاب میں ہے: ”تسموا بخیارکم“ ترجمہ: اچھوں کے نام پر نام رکھو۔ (الفردوس بماثور الخطاب، جلد2، صفحہ58، حدیث2328، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net